| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری دوسرا ہفتہ | موضوع: | حرف 'ب' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ب' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت، بناوٹ سے ب لکھ سکیں حرف 'ب' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ب' کی چھوٹی شکل پہچان سکیں۔ | بچوں کو ''حروف تہجی اُردو کے'' نظم سنائی جائے گی اور حرف 'ا اور آ' کی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'ا' اور 'آ' کی چھوٹی شکل ہوتی ہے یا نہیں۔ | 5 منٹ | حرف 'ب' فلیش کارڈ<br>حرف 'ب' کی چھوٹی شکل فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ب' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور چھوٹی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلمہ ہاتھ میں حرف 'ب' کا Puppet Stick لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوں گی اور بچوں کو اسلام علیکم کہہ کر 'ب' کا تعارف کروائے گی میں حرف 'ب' ہوں۔ دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے اور حرف 'ب' کی چھوٹی شکل 'ر ' و Puppet Stick کے ذریعے دکھایا جائے گا۔ 'ب' حروف تہجی کا تیسرا حرف ہے اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ب' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ب' کے ذخیرہ الفاظ باغ، بندر، بادل، بالٹی فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف 'ب' کی پوری اور آدھی دونوں اشکال کے نیچے ایک نقطہ آتا ہے۔ تختہ سفید/ سیاہ پر ایک لکیر کھینچی جائے گی جس پر بچوں کو حرف 'ب' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'ب' اور اس کی آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 15 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ب' پر انگلی پھیرنے اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ تصاویر کے ذریعے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں حرف 'ب' کی پوری اور آدھی شکل پر پینسل پھیرنے اور بطخ میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ<br>کتاب صفحہ نمبر 15 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو حرف 'ب' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری دوسرا ہفتہ | موضوع: | حرف 'ب' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ب' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت، بناوٹ سے ب لکھ سکیں حرف 'ب' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'ب' کی چھوٹی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:** بچوں کو ''حروف تہجی اردو کے'' نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو 'ب' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز اور نقطے کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>پی پی ٹی | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ب' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور چھوٹی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** بچوں کو 'ب' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/ پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو باغ کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ باغ ہے۔ کیا آپ چھٹی کے دن اپنے گھر والوں کے ساتھ باغ کی سیر کو جاتے ہیں۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ باغ کی ابتدائی آواز 'ب' کی ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ باغ میں کیا چیزیں موجود ہوتی ہیں؟ مثال کے طور پر پھول، جھولے، درخت وغیرہ۔ بچوں سے ہوا میں یا جلد پر، انگلیوں کی مدد سے 'ب' کی آدھی اور پوری شکل بنوایئے تاکہ بچوں کا ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہوجائے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:** تختہ سفید/ سیاہ پر حرف 'ا تا ب' کی تصاویر لگا کر بچوں سے حرف 'ب' کی تصاویر کے گرد دائرہ بنوانے کی سرگرمی کروائی جائے گی۔ بچوں کو کتاب صفحہ 16 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے پوچھا جائے گا ہم کونسا حرف سیکھ رہے ہیں۔ تمام تصاویر کے نام پوچھے جائیں۔ حرف 'ب' کو اس سے بننے والے الفاظ سے ملانے میں بچوں کی مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:** تختہ سفید/ سیاہ پر لکیر کھینچ کر حرف 'ب' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**گھر کا کام:** ورک شیٹ میں 'ب' سے بینگن میں رنگ بھریے اور 'ب' پر پینسل پھیریے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری دوسرا ہفتہ | موضوع: | حرف 'ب' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ب' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت، بناوٹ سے ب لکھ سکیں حرف 'ب' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ب' کی چھوٹی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ب' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ب' سے بادل اور بارش کے بارے میں بات کریں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ بارش میں نہانا کس کو پسند ہے؟ جب بارش ہوتی ہے تو آپ کیا کرتے ہیں؟ بارش کے موسم میں آپکو کیا کھانا پسند ہے؟۔ بارش سے بچنے کے لیے ہم کیا چیز استعمال کرتے ہیں؟ بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'ب' بنایئے اور یہ عمل تین سے چار بار دہرایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>پانچ پانچ طلباء کے چھوٹے گروپوں کے لیے ہر میز پر پلے ڈو اور سادہ کاغذی ٹکڑے رکھ دیجیے طلباء پلے ڈو کی مدد سے کاغذی ٹکڑوں پر حرف 'ب' کی پوری اور آدھی شکل بنانے کی مشق کریں گے۔ بچوں سے کتاب صفحہ 17 پر 'ب' اور اسکی آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے باغ، بارش یا بادل اور بات کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>30 منٹ<br>5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>پلے ڈو<br>کتاب صفحہ 17 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ب' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور چھوٹی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری دوسرا ہفتہ | موضوع: | حرف 'ب' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ب' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت ، بناوٹ سے ب لکھ سکیں حرف 'ب' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'ب' کی چھوٹی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ب' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔ حرف 'ب' کا تلفظ اور اس کی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ب' کی پہچان ، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور چھوٹی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ب' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے بگلا، بلا، بکری اور بینگن کی تصاویر دکھائی جائے گی۔ بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو سادہ کاغذ بینگن ( آدھا کٹا ہوا ) اور ایک پلیٹ میں جامنی رنگ دیا جائے گا۔ بچوں کی بینگن رنگ میں ڈبو کر کاغذ پر لگانے میں مدد کی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 18 کھولنے کو کہا جائے گا۔'ب' اور اس کی آدھی شکل کی لکھائی کرنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکیں۔ | 20 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے بگلا، بلا، بکری کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| **مضمون:** | اردو | **جماعت:** | نرسری دوسرا ہفتہ | **موضوع:** | حرف 'ب' | **دن:** | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| **حاصل سبق** | **طریقہ تدریس** | **وقت 40 منٹ** | **وسائل** | **جانچ** |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ب' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت ، بناوٹ سے ب لکھ سکیں حرف 'ب' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔<br>حرف 'ب' کی چھوٹی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ب' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 3 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ب' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور چھوٹی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ب' بستر کے بارے میں بات کریں گے۔ بستر کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ یہ کیا چیز ہے؟ اس کا استعمال کب اور کیوں کیا جاتا ہے؟ بچوں کو بتایا جائے گا کہ بستر کا استعمال آرام کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔ بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'ب' کی پوری اور آدھی شکل کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | Sand Tray | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ب' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔ | 30 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ب' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 2 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ب' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | | | |